لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ جمادی الاول ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۳ مارچ ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ جات اہلکاران پولیس	۲و۱
۲	نسبت خرید سامان حرب از انگریزی	۲
۳	اضافہ سب انجینیر صاحب	〃
۴	تقرر قاضی سیلیر اتوک	〃
۵	رخصت سید ریاض حسین صاحب	〃
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

بکم مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب سفارش صاحب ریونیو سکریٹری بہادر شرف الدین خان کوتوال شہر کی تنخواہ موجودہ مین پندرہ روپیہ ماہوار اور سعادت علیخان نائب کوتوال کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اور اشفاق الدین خان سب انسپکٹر کی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اور حیدر خان ہیڈ کانسٹیبل کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات

منظور فرمایا گیا۔

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس ہمایون حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۵ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

ملازمان و متوسلان ریاست میں سے جب کسی کو سامان حرب کی علمداری گورنمنٹ سے منگانے کی ضرورت ہوتی ہو بذریعہ ریاست لائسنس درآمد صاحب ایجنٹ بہادر سے حاصل کرکے سامان ریاست میں لایا جاتا حال میں چٹھی صاحب ایجنٹ بہادر نمبری ۱۲۲۲/۱۵۵-۱۶ مورخہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء کے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ بعض پنشنداران یا ملازمان گورنمنٹ سکنا ریاست نے بلا اطلاع ریاست مرادآباد سے سامان خرید کیا اور ریاست میں وہ سامان لایا گیا بموجب قواعد ریاست کوئی سامان حرب انگریزی سے بلا لائسنس صاحب ایجنٹ بہادر ریاست میں نہیں لایا جاتا ہے۔ اسلیے آئندہ سامان حرب کی اس طرح پر درآمد ریاست میں ناجائز قرار دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل بغرض تعمیل ذریعہ دفتر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پولیس کو اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

صاحب چیف سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ انجنیر بہادر سید بشیر حسین سب انجنیر کی تنخواہ میں چالیس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم احکام تقرر قاضی سلیم الحق بعہدہ گرداور قانونگوئے بمشاہرہ [illegible] ماہوار حسب ضابطہ جاری ہوں۔ اور منشاء الیہ کی تعیناتی حضور تحصیل میں کیجاوے اور صاحب مہتمم بندوبست کو لکھا جاوے کہ علاقہ حضور تحصیل کا کام تین حلقون پر تقسیم ہونے کا انتظام کردیں تاکہ دو گرداور موجودہ اور موجودہ قاضی سلیم الحق اپنے اپنے حلقہ کا کام انجام دیں۔

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت دو ہفتہ سید ریاض حسین نائب تحصیلدار متعینہ صدر کی بذریعہ تحریر اجلاس ہذا مورخہ [illegible] صاحب چیف سکریٹری بہادر منظور کی گئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سار	۷ سار	۸ سار	۷ سار	۸ سار	۷ سار	
نخود خالص	۹ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۹ سار	۱۰ سار	
نخود کسہ آمیز	۱۰ سار	۱۱ سار	۱۰ سار	۰	۹ سار	۱۱ سار	
کسہ	۱۰ سار	۰	۱۲ سار	۰	۱۰ سار	۱۲ سار	
ماش	۸ سار	[illegible]	۸ سار	۸ سار	۸ سار	۸ سار	
مونگ	۸ سار	۸ سار	۸ سار	۰	۸ سار	[illegible]	
مکا	۱۳ سار	۱۲ سار	۱۲ سار	۱۳ سار	۱۰ سار	۱۵ سار	
جئی	۰	۰	۱۰ سار	۰	۹ سار	۱۲ سار	
گوجئی	۰	۱۰ سار	۹ سار	[illegible]	۰	۱۱ سار	
عدس	۸ سار	۰	۱۰ سار	۰	[illegible]	[illegible]	
ارہر	۱۰ سار	[illegible]	۱۲ سار	۰	۸ سار	[illegible]	
برنج	۶ سار	۰	۶ سار	۶ سار	۷ سار	[illegible]	
روغن زرد	۱۰ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱۰ سار	
روغن سیاہ	۲ سار	۳ سار	۲ سار	۲ سار	۲ سار	۳ سار	
روغن کنجد	۱۰ سار	۲ سار	۳ سار	۱۰ سار	۱ سار	۱ سار	
نمک سانبہر	۱۰ سار	۱۲ سار	۱۲ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۱۲ سار	
نمک لاہوری	۱۰ سار	۱۲ سار	۱۰ سار	۸ سار	۹ سار	۱۳ سار	
قند سیاہ	۵ سار	۰	۵ سار	۵ سار	۶ سار	۶ سار	
باجرہ	۱۰ سار	۰	۱۰ سار	۱۰ سار	۰	۱۱ سار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور